# GRAND CITY

MARDAN

فیملی رہائش کے لئے خیبر پختونخواہ کی بہترین جگہ

# ہماری کہانی

ہم میں سے اکثر لوگوں کو وہ وقت یاد ہوگا جب مردان ایک چھوٹا سا اور پرسکون شہر تھا جس کے چاروں طرف گنے کے کھیت اور دیہات تھے۔ گزشتہ دو دہائیوں میں ہماری دنیا ہی بدل گئی ہے۔ مردان کی تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی اور بڑھتے ہوئے متوسط طبقے نے اسے خیبرپختونخوا کا دوسرا اہم ترین شہر بنا دیا ہے۔ مردان میں گزشتہ بیس سالوں میں جہاں زمین کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے وہیں بد قسمتی سے یہاں کے رہائشیوں کا معیار زندگی ابتر ہو چکا ہے۔

امین اللہ خان طورو (اے کے ٹی) نے اس مسئلے کا حل تلاش کرنے کے لیے کینیڈا سے اپنے آبائی شہر مردان واپس آنے کا فیصلہ کیا۔ اے کے ٹی نے مشاہدہ کیا کہ مردان تعمیرات کی انڈسٹری اور سیر و سیاحت کرنے والوں کے لئے مہمان نوازی کے انتظامات کے حوالے سے پشاور اور اسلام آباد جیسے علاقائی شہروں سے بہت پیچھے ہے اور مارکیٹ نئے آئیڈیاز کو آزمانے کے خلاف ہے۔اے کے ٹی کی قابلیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ وہ دنیا کی معروف مینجمنٹ کنسلٹنسی فرم ڈیلوئٹ میں کئی سال ملازمت کا تجربہ رکھتے ہیں اور انہوں نے ٹورنٹو یونیورسٹی سے چارٹرڈ اکاؤنٹنسی کی تعلیم مکمل کی۔ لہٰذا اس میں کوئی شک نہیں کہ وہ عالمی معیار کے منصوبوں پر عمل درآمد کروانے اور بہترین انتظامات کے حوالے سے پیشہ ورانہ صلاحیت رکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل اور اپنی محنتی ٹیم کی لگن کے ساتھ، اے کے ٹی نے الحمرا بینکوئٹ ہال، گرین مینشنز مردان اور اب گرینڈ سٹی مردان جیسے کامیاب منصوبوں کے ذریعے مردان کے علاقوں کو دلکش بنانے کے سفر کا آغاز کر دیا ہے۔ پچھلے پانچ سالوں میں ہم نے مردان میں 300 سے زیادہ کارپوریٹ اور دعوت کی تقریبات کا انعقاد کیا، 1500 سے زیادہ پراپرٹیاں خوشحال فیمیلیز کو فروخت کیں اور 300 سے زائد افراد کو روزگار فراہم کیا ہے۔

اے کے ٹی انٹرپرائزز میں، ہم اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت کی بدولت پرسکون خاندانی زندگی گزارنے کے لیے خوبصورت پراجیکٹس بناتے ہیں اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام انتظامات سنبھالتے ہیں۔ ہمارا اولین مقصد یہ ہے کہ انسانیت کے معیار میں اضافہ کیا جائے اور اس عظیم کام کا آغاز خیبر پختونخواہ سے کیا جائے اور عالمی معیار کے تعمیراتی اور مہمان نوازی کے منصوبے پیش کیے جائیں جو دوسروں کے لیے مثالی بن سکیں۔

AKT ENTERPRISES

# ڈائریکٹر کا
# پیغام

گرینڈ سٹی مردان میں تشریف آوری پر آپ کا شکریہ۔ میں اچھی طرح سے سمجھتا ہوں کہ پراپرٹی خریدنا کبھی بھی آسان فیصلہ نہیں ہوتا اور مجھے فخر ہے کہ آپ نے گرینڈ سٹی مردان پر غور کیا ہے۔ چاہے سرمایہ کاری کرنا ہو یا اپنی فیملی کے لیے گھر بنانا، مردان میں خریداروں کے پاس ماضی کے مقابلے میں آج زیادہ مواقع موجود ہیں۔ انڈسٹری کے بڑھتے ہوئے مقابلے نے ہماری حوصلہ افزائی کی ہے کہ ہم اپنے کلائنٹس کی توقعات سے تجاوز کرنے کے لیے اپنی خدمات کو مسلسل آگے بڑھائیں۔

اے کے ٹی انٹرپرائزز میں، ہم اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت کی بدولت پرسکون زندگی گزارنے کے لیے خوبصورت پراجیکٹس بناتے ہیں اور مستقبل کو مدنظر رکھتے ہوئے دیکھ بھال کی ذمہ داری لیتے ہیں۔ گرینڈ سٹی مردان میں، ہم خیبرپختونخوا میں رہنے والی فیملیز کے لیے بہترین جگہ ڈیزائن کرنے کے لیے پاکستان کے معروف ماہرین کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ ہماری سیلز ٹیم پروجیکٹ سے متعلق تمام معلومات فراہم کرنے کے حوالے سے آپ کی مدد کے لیے دستیاب ہوگی۔

میں آپ کی کامیابی کے لیے دعا گو ہوں اور امید کرتا ہوں کہ آپ ہماری نئی دلچسپ کمیونٹی کا حصہ بننے کا انتخاب کریں گے۔ انشاء اللہ ہم اپنے تمام وعدوں کو اعلیٰ معیار، ایمانداری اور اعتماد کے ساتھ پورا کرنے کا عزم رکھتے ہیں جو طوروخاندان کی پہچان بن چکی ہیں۔



**امین اللہ خان طورو**

**ایگزیکٹیو ڈائریکٹر**




# خوبصورت سفر کا آغاز یہاں سے ہوتا ہے

گرینڈ سٹی مردان کے داخلی دروازے پر نقش شاعری تعمیرات اور مہمان نوازی کی صنعت کو عاجزی، ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ تبدیل کرنے کے لیے ہمارے نقطہ نظر کی عکاسی کرتی ہے۔

”کسی بھی معاشرے کی حقیقی
خوشی اس میں رہنے والے
لوگوں کی فلاح و بہبود سے
شروع ہوتی ہے“

# تعارف

گرینڈ سٹی مردان میں، ہم فیملی کی رہائش کے لیے خوبصورت مقامات بنا رہے ہیں۔

ہم اس دن کے منتظر ہیں جب ہمارے رہائشی کمیونٹی کی تقریبات اور سرگرمیوں میں ایک دوسرے سے گھل مل جائیں؛ خیبر پختونخواہ کے انتہائی حیرت انگیز پارکس میں ایک محفوظ، صاف ستھرے اور خوبصورت ماحول میں شام کی سیر کا لطف اٹھائیں؛ اور اس بات کا اطمینان رکھیں کہ ان کے بچے محفوظ ماحول میں کھیل اور سیکھ سکتے ہیں اور صحت مند ماحول میں پرورش پا سکتے ہیں۔

ہمارے پارکس انڈسٹری کے بہترین لوگوں کے ذریعے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ ہماری سہولیات سے فیملیز خوشی اور سکون محسوس کریں گی اور ہماری مخصوص کمیونٹی کی جگہیں شہری زندگی میں سماجی روابط کو بحال کریں گی۔ پروجیکٹ کے حوالے سے ہمارے انتظامات اور دیکھ بھال انتہائی پیشہ ورانہ ہوں گے۔

ہم اس منصوبے کی طویل مدتی کامیابی کے لیے بہت پرعزم ہیں۔موٹروے اور رشکئی سپیشل اکنامک زون کے قریب واقع ہونے کی وجہ سے گرینڈ سٹی مردان میں سرمایہ کاری کے لیے بہترین مقام ہے

آپ اپنے تمام وعدوں کو پورا کرنے کے لئے اے کے ٹی انٹرپرائزز پر مکمل اعتماد کر سکتے ہیں۔

گرینڈ سٹی مردان کو اپنی رہائش منتخب کرنے پر آپ کی فیملی آپ کا شکریہ ادا کرے گی۔

# خوبصورت پارکس جو دماغ اور روح کو تازگی بخشتے ہیں

گرینڈ سٹی مردان میں، پارکس کمیونٹی کا اہم اثاثہ ہیں جہاں فیملیز تفریح اور فطرت کا مشاہدہ کرکے آگے بڑھ سکتی ہیں اور سیکھ سکتی ہیں اور جہاں ہر عمر کے لوگ شہری زندگی میں شامل ہو سکتے ہیں۔ ہمارے پارکس کو اسلام آباد کی انڈسٹری کے معروف ماہرین نے ڈیزائن کیا ہے۔ واکنگ ٹریکس کے علاوہ، پارکس میں یادگاری عمارتیں، آرام کی جگہیں اور آرٹ اور ثقافت کے بھی مخصوص مقامات ہوں گے۔ ہماری سرسبز و شاداب جگہیں اور فٹ پاتھ ہزاروں پھولوں اور درختوں کی انوکھی اقسام سے بھرے ہوں گے جو ہر موسم میں مردان کے خوبصورت رنگوں کا نظارہ پیش کرتے ہیں۔

اپنے گھر سے باہر نکل کر
خیبر پختونخوا کے سب
سے صاف ستھرے
اور خوبصورت پارکس میں
جانے کا تصور کریں





# گرینڈ سٹی فیملی پارک



## خوشحال فیملیز خوشحال معاشرے تشکیل دیتی ہیں

انیس( 19 ) کنال اراضی پر پھیلا ہوا گرینڈ سٹی کا مین فیملی پارک اپنے آپ میں ایک شاندار تجربہ بننے جا رہا ہے۔
حیرت انگیز اور ناقابل یقین دلکش مناظر کے علاوہ مین پارک میں درج ذیل نمایاں خصوصیات ہوں گی:
ایک پُرسکون لمحے سے لطف اندوز ہونے کے لیے بہت سی بیٹھنے کی جگہیں اور زبردست ٹریک۔
مہمانوں کی تفریح اور فیملی کے لطف اندوز ہونے کے لیے ایک آؤٹ ڈور کیفے۔
بچوں کو مصروف رکھنے کے لیے ایک چھوٹا کھیل کا میدان اور بزرگوں کے لیے آرام سے بیٹھنے کا انتظام۔











# گرینڈ ایمفی تھیٹر

گرینڈ سٹی فیملیز پارک میں مردان کا سب سے خوبصورت پبلک ایمفی تھیٹر بھی فخر کے ساتھ پیش کیا جائے گا۔ ایک شاندار سبز جگہ کے اندر واقع، ہمارا خوبصورت ڈیزائن کردہ ایمفی تھیٹر ایک ایسی جگہ ہوگی کہ وہاں کے رہائشی اور ان کے مہمان بچوں کی تقریبات کے علاوہ خیبر پختونخوا کے بھرپور فن، ثقافت اور مہمان نوازی سے بھی لطف اندوز ہو سکیں گے۔

خوشیوں کا آغاز
گرینڈ سٹی مردان سے





# گرینڈ سٹی سینٹرل پارک



ہمارے پروجیکٹ کا مرکزی حصہ، گرینڈ سٹی سینٹرل پارک ایک اور حیرت انگیز جگہ ہے جہاں رہائشی اور ان کے مہمان شام کے وقت لطف اندوز ہوسکتے ہیں۔

انتہائی خوبصورتی سے ڈیزائن کیا گیا یہ پارک سوسائٹی کے مرکزی چوک میں واقع ہے اور اس کے چاروں طرف وسیع پارکنگ ہے۔



# گرینڈ سٹی
# چلڈرن پارک

## بچپن کی خوشگوار یادیں یہاں سے شروع ہوتی ہیں

ہم اپنے ملک میں دستیاب کھیل کے میدان کے بہترین سازوسامان کے ساتھ ایک علیحدہ چلڈرن پارک بھی بنا رہے ہیں۔ چھوٹے بچوں کے والدین یہ جان کر بہت خوش ہوں گے کہ ان کے بچوں کو ہر شام آسانی سے تفریح فراہم کی جاتی ہے۔

بڑے بچوں کے لئے، ہم اس پارک میں والی بال، بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس اور دیگر کھیلوں کی سہولیات بھی تعمیر کر رہے ہیں۔

گرینڈ سٹی مردان میں، ہم چاہتے ہیں کہ آپ زندگی سے مزید امیدیں رکھیں



# گرینڈ سٹی فاریسٹ پارک

## فطرت کے ساتھ ہر روز دوبارہ جڑیں

بعض اوقات، کوئی شخص صرف صاف ستھرے لان اور سجاوٹ والے مقامات نہیں چاہتا، اس لیے ہم نے ایک فاریسٹ پارک کو بھی شامل کرنے کا فیصلہ کیا۔

قدرتی پودوں، اونچے درختوں کی گھنی شجرکاری اور احتیاط سے رکھے ہوئے بینچ اور روشنی(لائٹنگ) کے نتیجے میں ہماری ہاؤسنگ سوسائٹی کی سیکیورٹی کے اندر قدرتی جنگل میں سیر کرنے کا تجربہ حاصل ہوگا۔

ہم خاص طور پر پرندوں کو کھانا کھلانے کی جگہیں قائم کرنا چاہتے ہیں تاکہ ہم اس پارک میں پرندوں کے گانے کی سریلی آواز سن سکیں۔

# شاندار اور متاثر کن فن تعمیر

## ہمارے شاندار فن تعمیر سے ہی ہماری پہچان ہوتی ہے

گرینڈ سٹی مردان میں فن تعمیر محض ایک انداز سے بہت بڑھ کر ہے۔ یہ ہمارے ماضی کو فخر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، ہمیں اپنے حال پر غور کرنے کی ترغیب دیتا ہے اور مستقبل کے لیے ہماری حوصلہ افزائی کرتا ہے۔

آرٹ شہری زندگی میں خوبصورتی اور حقیقی معنی کو تازہ دم کرنے میں مدد کرتا ہے۔ گرینڈ سٹی مردان میں عوامی آرٹ کی یادگاروں کو ہمارے ارد گرد کی دنیا میں حقیقی روح کو بلند کرنے اور ترغیب حاصل کرنے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔

# گرینڈ سٹی فیملی کلب

## جہاں آپ رہتے ہیں اس جگہ سے محبت کریں

ہم نے گرینڈ سٹی کو اپنی کمیونٹی کی ذہنی اور جسمانی صحت کو بہتر بنانے کے لیے ڈیزائن کیا ہے۔ ہمارے رہائشیوں کو سماجی سرگرمیوں سے بھی لطف اندوز ہونا چاہیئے جس سے کمیونٹی میں دوستانہ ماحول پیدا ہوتا ہے۔ گرینڈ سٹی فیملی کلب کو مرکز میں رکھا گیا ہے اور اس میں ایک کیفے لاؤنج، روف ٹاپ کیفے، خواتین اور مردوں کے لیے جم، سٹوڈنٹ سٹڈی سینٹر اور ایک ایونٹ ہال ہوگا جہاں ہم نوجوانوں اور فیملیز کے لیے تقریبات کا اہتمام کریں گے۔ ہمیں امید ہے کہ گرینڈ سٹی فیملی کلب میں، آپ کے سماجی رابطے بحال ہونگے۔

- خواتین اور مردوں کے لیے جم
- کیفے لاؤنج
- مطالعہ کے لئے سٹوڈنٹ سٹڈی سینٹر
- ایونٹ ہال
- روف ٹاپ گارڈن کیفے









# دلکش اور خوشنما مساجد

## اپنی روح کو تازگی بخشیں

مسجد کی جمالیات کو ایک کیوب کی شکل میں ڈیزائن کیا گیا ہے، جس میں مسجد کے روایتی حصے جیسا کہ گنبد، محراب اور مینار شامل ہیں۔ فرش کو سادہ مستطیل انداز میں ترتیب دیا گیا ہے جس کے نتیجے میں صفوں کا رُخ خانہ کعبہ کی سمت میں رکھا گیا ہے۔ خوبصورت روشنیوں سے آراستہ کرنے کے لیے دیواروں پر خطاطی کے سوراخ کندہ کیے گئے ہیں۔ مسجد کے ڈیزائن اور میٹریل دونوں میں سادگی اور عاجزی کے پہلو کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔



# روایات پر مبنی جدید طرز تعمیر

یہ ڈیزائن دور حاضر کے فن تعمیر کے عناصر کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کی بنیادی ساخت کو خانہ کعبہ کی طرح ایک کیوب کی شکل میں رکھا گیا ہے۔ کیوب کو سات سطحوں کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے۔ سطحوں کی اس ترتیب سے مسجد کی اونچائی میں اضافہ ہوتا ہے اور سجدے کی حالت کے دوران ظاہری طور پر بھی اللہ تعالیٰ کی عظمت کا اظہار ہوتا ہے۔ لہٰذا، یہ ڈیزائن اسلامی نظریے کی بھی عکاسی کرتا ہے اور فن تعمیر میں اس کی خوبصورت عکاسی کی گئی ہے۔ مقامی طور پر دستیاب میٹریل کو استعمال کیا جاتا ہے اور بجلی کے اخراجات کو کم کرنے کے لیے زیادہ سے زیادہ قدرتی روشنی کے استعمال کو مدنظر رکھا گیا ہے۔




# گرینڈ
# سینٹرل مارکیٹ

گرینڈ سٹی مردان میں ایک بڑا تجارتی مرکز بھی پیش کیا جائے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ آپ کی روزمرہ کی تمام ضروریات آپ کی دہلیز پر میسر ہیں۔ گرینڈ سٹی مردان اس بات کو یقینی بنائے گا کہ دفاتر اور دکانیں اچھی طرح سے منظم ہوں، پارکنگ کی منصوبہ بندی کی جائے اور خریداری ایک آرام دہ اور پریشانی سے پاک تجربہ ثابت ہو۔
مارکیٹ میں ہرایک عمارت کی ڈیزائن ہم بنائیں گے۔




# گرینڈ سٹی مردان کی لوکیشن کی غیر معمولی اہمیت

موٹروے اور پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) گزشتہ دہائی کے دوران پاکستان میں معاشی تبدیلی کے سب سے طاقتور محرکات کی نمائندگی کرتے ہیں۔ گرینڈ سٹی مردان اسلام آباد - پشاور موٹر وے کے ولی انٹر چینج اور رشکئی اسپیشل اکنامک زون سے ملحقہ ایک اہم علاقے میں واقع ہے۔ رشکئی سپیشل اکنامک زون میں ترقیاتی کام تیزی سے جاری ہے اور بھرپور توقع ہے کہ اس سے مردان کے اس حصے میں ہزاروں ایکڑ اراضی پر تجارتی اور رہائشی سرگرمیوں میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

## یہ اربوں ڈالر کی سرمایہ کاری ہے جو ہمارے منصوبے کی زینت بن رہی ہے

اس شاندار موقع کو محسوس کرتے ہوئے، کئی کاروباری افراد نے ابھی سے اس علاقے میں رہائشی سوسائٹیوں کے لیے مختلف جگہوں کو تلاش کرنا شروع کردیا ہے۔ زمین کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ متوقع ہے کیونکہ مردان شہر تیزی سے رشکئی سپیشل اکنامک زون کی طرف بڑھ رہا ہے۔ گرینڈ سٹی مردان رشکئی سپیشل اکنامک زون سے صرف 5 کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ ہماری اپنے وعدوں کو پورا کرنے کی ثابت شدہ صلاحیت کے ساتھ، ہمیں پورا اعتماد ہے کہ اس مرحلے پر گرینڈ سٹی مردان سرمایہ کاری کے لئے ایک نایاب اور بہترین موقع فراہم کررہا ہے۔

# ایک شاندار مقام

گرینڈ سٹی مردان طورو تھانہ اور ولی انٹرچینج کے درمیان طورو روڈ پر واقع ہے۔

| اہم مقامات سے فاصلہ | |
|---|---|
| رشکئی سپیشل اکنامک زون | 10 منٹ |
| ولی انٹرچینج | 4 منٹ |
| شیخ ملتون ٹاؤن | 20 منٹ |
| زمونگ میگا پارک | 8 منٹ |
| گرین ایکڑ مردان | 10 منٹ |
| مردان رنگ روڈ | 5 منٹ |

آپ گوگل میپس پر "Grand City Mardan" تلاش کر کے ہماری نشاندہی کر سکتے ہیں۔



# خصوصیات کا خلاصہ

- یادگاری عمارتیں اور عوامی آرٹس
- انتہائی حیرت انگیز پارکس
- پرائیوٹ اسکول
- اوپن ایئر تھیٹر
- سوئی گیس
- پیشہ ورانہ سیکورٹی
- محفوظ کمپیوٹرائزڈ رجسٹری
- خوبصورت ڈیزائن کردہ 2 مساجد
- بہترین طور پر منظم کمرشل ایریا
- عظیم الشان داخلی دروازہ
- مکمل دیکھ بھال کا انتظام
- پانی کی مرکزی تقسیم
- زیر زمین بجلی کا نظام
- سوسائٹی کے قوانین کا مستحکم نفاذ

# گزشتہ منصوبے



## الحمرا بینکوئٹ ہال

### مردان میں سب سے بہترین شادی ہال

ہر پہلو پر گہری نظر رکھنے اور بہترین خدمات فراہم کرنے کی وجہ سے الحمرا کو خیبر پختونخوا کے بہترین شادی ہالوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ دلکش اور ناقابل یقین فن تعمیر، لذیذ کھانوں، کشادہ لان اور ایک مرکزی مقام نے اسے خطے کا سب سے کامیاب شادی ہال بنا دیا ہے۔

# گزشتہ منصوبے



## گرین مینشنز مردان

### مردان کی سب سے خوبصورت اور سب سے منظم ٹاؤن شپ

یہ غلہ ڈھیر روڈ، رشکئی پر واقع ہے۔ ایک ٹیم کے طور پر ہمارے پہلے پروجیکٹ نے خطے میں زمین کی بہترین تزئین اور عوامی آرٹ کو فروغ دینے کے حوالے سے کلائنٹس کی طرف سے تعریف اور مبارکباد حاصل کی ہے۔ ہمارے قابل قدر کلائنٹس ہمارے ساتھ اپنی سرمایہ کاری کے منافع سے خاص طور پر خوش ہیں۔

# ہمارا وعدہ

ہم ہمیشہ اپنے کلائنٹس کے ساتھ مکمل ایمانداری اور راست بازی سے بات چیت کریں گے۔

ہم اپنے وعدوں کو جلد از جلد اور اعلیٰ ترین معیار کے مطابق پورا کرنے کی پوری کوشش کریں گے۔

ہم اپنے کلائنٹس کا اعتماد اور احترام جیتنا چاہتے ہیں اور آنے والی دہائیوں تک اس کو برقرار رکھنے کی امید کرتے ہیں۔

ہم یہاں اپنے قابل قدر کلائنٹس کی خدمت کرنے اور ان کی سرمایہ کاری کے ساتھ ساتھ ان کی رہائشی اور تجارتی ضروریات کا خیال رکھنے کے لیے ہر وقت موجود ہیں۔

ہم کبھی بھی جعلی تھری ڈیز (3Ds) نہیں دکھائیں گے اور نہ ہی جھوٹے اشتہارات کا استعمال کریں گے۔

OakTree MARKETING

AKT ENTERPRISES